# تمام حروف کے مخارج

مخرج اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں سے حرف کی آواز نکلتی ہے اور مخرج کی جمع مخارج آتی ہے اس لئے اوپر لکھا ہوا ہے مخارج۔ قرآن پاک میں ۲۹/ حروف ہیں اور ۲۹/ حروف کے ۱۷/ مخارج ہیں۔ الف، واو ری مدہ کے نکلنے کی کوئی جگہ نہیں ہے یہ منہ کی خالی جگہ سے ادا ہوتے ہیں۔ اس لئے ہم نے نمبر ب سے ہی شروع کیا ہے۔ ایک مخرج کے کئے حروف کو ہم نے ایک ساتھ ہی لکھ دیا ہے۔ اب آپ ترتیب سے تمام حروف کے مخارج یاد کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| | ا | منہ کی خالی جگہ سے |
| ۱ | ب | دونوں ہونٹوں کا تر حصہ آپس میں ملے |
| ۲ | م | دونوں ہونٹوں کا سوکھا حصہ آپس میں ملے |
| ۳ | ف | اوپر کے دانتوں کا کنارہ نیچے کے ہونٹ سے لگے |
| ۴ | و | دونوں ہونٹ جب گول ہو جائیں |
| ۵ | ت د ط | زبان کی نوک اور سامنے والے اوپر کے دانتوں کی جڑ |
| ۶ | ث ذ ظ | زبان کی نوک اور سامنے والے اوپر کے دانتوں کا کنارہ |
| ۷ | ج ش ی | زبان کا بیچ اوپر کے تالو سے لگے |
| ۸ | ز س ص | زبان کی نوک اور اوپر نیچے کے دانت تھوڑا آپس میں ملیں |
| ۹ | ر | زبان کی پشت اوپر کے چار دانتوں کے مسوڑوں سے لگے |
| ۱۰ | ن | زبان کی پشت اوپر کے چھ دانتوں کے مسوڑوں سے لگے |
| ۱۱ | ل | زبان کی پشت اوپر کے آٹھ دانتوں کے مسوڑوں سے لگے |
| ۱۲ | ض | زبان کی کروٹ اوپر کی ڈاڑھوں کی جڑ سے لگے |
| ۱۳ | ق | زبان کی جڑ اپنے اوپر والے حصے میں لگے |
| ۱۴ | ک | زبان کی جڑ سے کچھ پہلے کا حصہ اپنے اوپر والے حصے سے لگے |
| ۱۵ | غ خ | حلق کا منہ کی طرف والا حصہ |
| ۱۶ | ع ح | حلق کا درمیان والا حصہ |
| ۱۷ | ء ہ | حلق کا سینے کی طرف والا حصہ |

AzanGuru